ہٹ کر اور عوامی ضرورت کو ملحوظ رکھتے ہوئے ایک آسان سی کتاب اس سلسلہ میں ترتیب دی جائے۔ کتاب دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ مولانا بحمداللہ اپنے مقصد میں کامیاب رہے، چنانچہ اختصار کے باوجود کتاب میں حج کے تمام ضروری مسائل عام فہم انداز میں سمو دیے گئے ہیں —— دعاء ہے، اللہ تعالیٰ اس کتاب کو حجاج کرام کے لیے مفید بنائے اور مؤلف، نیز تقسیم کنندگان کو اس کا اجرِ جزیل عطا فرمائے۔ آمین!

——(۳)——

نام کتاب : سیرت البم

تحریر و ترتیب : شاہ مصباح الدین شکیل

شائع کردہ : پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمٹیڈ (پاکستان) داؤد سینٹر مولوی تمیزالدین خاں روڈ پی۔او۔ بکس ۳۹۸۲۔ کراچی۔

باہتمام : میاں محمد فرید مینجنگ ڈائریکٹر پی۔ ایس۔ او۔

ضخامت تقریباً ۱۲۵ صفحات، بڑا سائز، مجلّد، آفسٹ پیپر، دیدہ زیب دل کش طباعت و کتابت۔

پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی ہمارے ملک کا ایک عظیم تجارتی ادارہ ہے، جس کا ماسوائے امریکہ کے دنیا کی پانچ سو بڑی کمپنیوں میں شمار ہوتا ہے۔ تجارتی اغراض و مقاصد کے علاوہ یہ ادارہ اہلِ وطن کی مذہبی، سماجی، علمی، فلاحی خدمات بھی انجام دیتا ہے۔ علاوہ ازیں کارکنوں کی مذہبی تربیت کے لیے ادارہ اپنے ماہانہ ترجمان "پی۔ ایس۔ او ریویو" کے خصوصی سیرت نمبر ہر ربیع الاول میں ۱۹۷۹ء سے لے کر اب تک برابر شائع کرتا چلا آرہا ہے —— سیرت البم بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

ادارہ نے اس سے قبل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیبہ کے مکی دور پر پہلی کتاب "ظہورِ قدسی سے مسجدِ قباء تک" دوسری کتاب "قباء سے واقعہ افک تک" شائع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے، جب کہ اس سلسلہ کی تیسری جلد طباعت کے مراحل میں ہے۔ پی۔ ایس۔ او کی اس دینی خدمت کی قومی سطح پر نہ صرف ہمت افزائی ہوئی، بلکہ صدرِ مملکت کی طرف سے اسے خصوصی ایوارڈ بھی دیا گیا، جو کسی تجارتی ادارہ کو حاصل ہونے والا منفرد اعزاز ہے۔

سیرت البم ۱۹۷۹ء سے لے کر اب تک کی منظم اور مسلسل کوششوں کا ماحصل ہے۔ اس کے مؤلف نے اس کی تیاری کی غرض سے ساڑھے چار ماہ حجازِ مقدس میں گزارے اور سیرتِ طیبہ کے اہم